E-workshop on Export Control

September 22, 2020

ایکسپورٹ کنٹرول پر ای ورکشاپ

22 ستمبر، 2020

وزارت خارجہ نے ہندوستانی چیمبر آف کامرس کے تعاون سے 18 ستمبر 2020 کو حساس، دوہری استعمال کی اشیاء اور ٹیکنالوجی کی برآمد کے حوالے سے ضوابط کے بارے میں آگاہی بڑھانے کے لئے ایکسپورٹ کنٹرولز پر ای ورکشاپ کا انعقاد کیا۔ تقریبا ستر انڈسٹریز اور کاروباری اداروں نے اس میں حصہ لیا اس ورکشاپ سے وزارت خارجہ، ڈائریکٹوریٹ جنرل برائے خارجہ تجارت، وزارت دفاع، سنٹرل بورڈ برائے بالواسطہ ٹیکس وکسٹم، اور صنعت کے تجربہ کار نمائندوں نے خطاب کیا۔

ورکشاپ میں ہندوستان کی معاشی نمو اور عالمی معیشت کے ساتھ جڑنے کے ساتھ ساتھ، غیر ملکی سرمایہ کاری اور ٹکنالوجی رابطوں، قومی سلامتی کے مفادات، بین الاقوامی عدم پھیلاؤ کی ذمہ داریوں اور حکومت کے 'میک ان انڈیا'، 'میک فار ورلڈ' اور 'آتم نر بھر بھارت' کے پرچم بردار اقدامات کے سلسلے میں ایکسپورٹ کنٹرول سسٹم کی اہمیت اور فوائد کو شیئر کیا گیا۔ پیش کش اور مباحثوں میں قوانین، قواعد وضوابط، طریقہ کار، نفاذ کے میکانزم کے ساتھ ساتھ انڈسٹری کی تعلیم کی اہمیت اور عالمی سطح پر ہندوستان کے صاف ستھرے عدم پھیلاؤ ریکارڈ کو برقرار رکھنے کے لئے ایک برآمد کنٹرول نظام کی تعمیل کی اہمیت کا احاطہ کیا گیا۔

یہ ورکشاپ عالمی معیار کے مطابق قومی سطح پر قائم قومی برآمداتی نظام کے لئے حکومت ہند کی انڈسٹری کی طرف سے جاری تعاون کی کوششوں کا ایک حصہ تھا۔

نئی دہلی

18 ستمبر، 2020

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.